378 ـ اسلام قبول کرنا چاہتا ہے لیکن عربی کا علم نہیں

سوال

آپ کی ویب سائٹ پر بہت سے غیرمسلموں کے سوالات میں آپ کے جوابات کا مطالعہ کرنے کے بعدمجھے یہ یقین ہوگیا ہے کہ بلاشبہ اللہ تعالی ایک ہے اور اس کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں ۔
اب میرا سوال یہ ہے کہ میں اس دین میں کیسے داخل ہوسکتا ہوں ؟
اورمیں نماز کس طرح ادا کروں اس لیے کہ مجھے عربی نہیں آتی اورکیا اپنانام بھی تبدیل کروں ؟ ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مجھے سب سے زیادہ خوشی اورسروراس وقت ہوا جب میں نے آپ کا سوال دیکھا آج پچھلے چند گھنٹوں میں جوسوالات کیے گئے ہیں انہیں دیکھ رہا تھا توآپ کا سوال مجھے سب سے زیادہ پسندآیا ، اوریہ کوئ تعجب کی بات نہیں ہونی چاہیے اس لیے کہ ایسا کیوں نہ ہو اور ہم اپنے دل اورسینے کوایسے عقل مندشخص کے لیے کیوں نہ کھولیں جس نے حق کوپہچانا اوراس کا اقرار کرتے ہوئے اسے اپنے سینے سے لگانے کے لیے قبول اسلام چاہتا اوریہ سوال کررہا ہو کہ اسے آئندہ کیا اقدام کرنے ہوں گے ۔

حقیقی بات تویہ ہے کہ آپ کوجوبھی مشکلات درپیش ہیں وہ بالکل بسیط اورچھوٹی ہیں ان کا حل کرنا بہت ہی آسان کام ہے ، اورہم ان میں ایک ایک کرکے لیتے اوران کا حل پیش کرتے ہیں :

اول :

آپ کودین اسلام میں داخل ہونے کے لیے اب صرف اتنا کرنا پڑے گا کہ آپ یہ سطورپڑھتے ہیں صرف اتنا کریں کہ آپ حسب استطاعت اورقدرت کلمہ پڑھتے ہوئے دوگواہیاں دیں گے جس میں یہ کوئ لازم نہیں کہ آپ کوپوری عربی آتی ہو ہم یہ کلمہ جوکہ دو گواہیوں پرمشتمل ہے انگلش میں لکھ دیتے ہیں ، اورجب آپ یہ کلمہ پڑھ لیں توجلدی سے غسل اورطہارت کرکے اس وقت کی فرضی نماز جس میں اس وقت آپ ہوں ادا کریں ۔

دوم :

اگرآپ کونماز کا طریقہ معلوم ہے ، توآپ نماز کے شروع اورایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے ہوئے اللہ

اکبر کہیں ، اوررکوع و سجود میں اوربیٹھ کر آپ سبحان اللہ والحمد للہ ولا إلہ إلا اللہ واللہ أکبر کہیں اورپھراپنے دائیں اوربائیں السلام علیکم کہتے ہوئے سلام پھیر دیں ، آپ ایسا اس وقت تک کرسکتے ہیں جب تک آپ نماز میں جوکچھ پڑھا جاتا ہے یاد نہیں کرلیتے ۔

سوم :

آپ پرضروری نہیں کہ آپ اپنانام ضرور تبدیل کریں اس لیے کہ بہت سے علماء اورمسلمان مؤرخین نے ذکرکیا ہے کہ دانیال انبیاء میں سے ایک نبی کا نام تھا ۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ آپ کا معین ومددگار ہو اورآپ کے معاملہ کوآسان کرے اورآپ کواسلام قبول کرنے کے بعد اس پرثابت قدم رکھے ، ہم آپ کی ہرمشکل کوحل کرنے اورآپ کے ہر قسم کے ہرممکن تعاون کے لیے ہروقت تیار ہیں ۔ واللہ اعلم .